CCE RR/PR/NSR/NSPR(B)/777/3027

Question Paper Serial No.

ಮಾರ್ಚ್/ಏಪ್ರಿಲ್ 2024 ರ ಪರೀಕ್ಷೆ - 1

**MARCH/APRIL 2024 EXAMINATION-1**

**B**

**CCE RR/PR/ NSR/NSPR Reduced Syllabus**

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 12 ]
Total No. of Printed Pages : 12 ]

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 47 ]
Total No. of Questions : 47 ]

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 97-U**
**Code No. : 97-U**

# ವಿಷಯ : ರಾಜ್ಯಶಾಸ್ತ್ರ

# Subject : POLITICAL SCIENCE

**( ಉರ್ದು ಮಾಧ್ಯಮ / Urdu Medium )**

(ಶಾಲಾ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಖಾಸಗಿ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಎನ್.ಎಸ್.ಆರ್. / ಎನ್.ಎಸ್.ಪಿ.ಆರ್.)
**(Regular Repeater / Private Repeater / NSR / NSPR)**

ದಿನಾಂಕ : 30. 03. 2024 ] [ Date : 30. 03. 2024

ಸಮಯ : ಬೆಳಗ್ಗೆ 10-15 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 1-30 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 10-15 A.M. to 1-30 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 80 ] [ Max. Marks : 80

**Cut here/ಇಲ್ಲಿ ಕತ್ತರಿಸಿ**

## طلبہ کیلئے عام ہدایات :

1. سوالی پرچہ میں کُل 47 سوالات ہیں۔
2. اس سوالی پرچہ کو ریورس جیکٹ سے سربمہر کردیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا (تیر کے نشان کی اتباع کیجئے)۔ پرچہ کھلونے کے لئے دائیں طرف سے نہیں کاٹنا ہے۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالی پرچہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. سوالات کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔
6. آپ کو مہیا کیا گیا سوالیہ پرچہ کا ورشن (Version) اور آپ کے ہال ٹکٹ میں شائع کیا گیا۔ سوالیہ پرچہ کا ورشن (Version) دونوں ایک ہی ہونا ضروری (لازمی) ہے۔

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

30. 03. 2024

Tear here

POLITICAL SCIENCE

**I.** مندرجہ ذیل سوالات/ نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کے لیے چار متبادل دیے گئے ہیں۔ صحیح متبادل چُنیں اور حرف تہجی کے ساتھ مکمل جواب اپنے جوابی پرچہ میں لکھیں۔

**10 × 1 = 10**

1. وہ ملک جس کا آئین یا دستور دنیا میں سب سے وسیع ہے

(A) برطانیہ (B) امریکہ

(C) ہندوستان (D) روس

2. ہمارے آئین کی تمہید میں لادینیت ( Secularism ) کس ترمیم کے ذریعہ شامل کیا گیا

(A) 51 (B) 42

(C) 32 (D) 46

3. ہمارے بنیادی حقوق ( Fundamental Rights ) کے سرپرست

(A) سپریم کورٹ

(B) ہائی کورٹ

(C) ضلعی عدالت

(D) لوک عدالت

4. ہم لوگ یوم جمہوریت مناتے ہیں

(A) 15/اگست

(B) 26/جنوری

(C) 2/اکتوبر

(D) 14/نومبر

5. ڈاکٹر بی۔آر۔امبیڈکر اس بنیادی حق کو ہمارے دستور کی روح اور قلب کی مانند کہا ہے

(A) برابری کا حق

(B) آزادی کا حق

(C) مذہب کا حق

(D) دستوری علاج کا حق

6. ہمارے دستور کی ریاستی پالیسی کے رہنمائی اصول جہاں کے دستور سے اپنایا گیا ہے

(A) امریکہ

(B) کنیڈا

(C) آئرلینڈ

(D) اسٹریلیا

7. کرناٹک میں بابائے پنچائت راج نظام ہیں

(A) رام کرشنا ہیگڑے

(B) ایم-وائی-گھور پڑے

(C) ایم-پی-پرکاش

(D) عبدل نظیر صاحب

8. پنچایت راج قانون جس سال لاگو کیا گیا

(A) 1993

(B) 1959

(C) 2003

(D) 1986

9. پنچایت راج نظام کی ریڑھ ہڈی کے مانند ہے۔

(A) گرام پنچایت

(B) ضلع پنچایت

(C) گرام سبھا

(D) تعلق پنچایت

10. کرناٹک اسٹیٹ پبلک سروس کمیشن کا صدر دفتر واقع ہے

(A) بنگلورو

(B) بیلگاوی

(C) میسور

(D) کلبرگی

**II.** 11. درج ذیل فہرست ''الف'' کا فہرست ''ب'' سے جوڑ ملائیں اور حرف تہجی کے ساتھ لکھیں : **5 × 1 = 5**

| ''الف'' | ''ب'' |
|---|---|
| a) دفعہ 20 | i) غلامی پر پابندی |
| b) دفعہ 21 | ii) بچہ مزدوری پر پابندی |
| c) دفعہ 21(A) | iii) من مانی سزا کے خلاف بچاؤ |
| d) دفعہ 23 | iv) زندگی کا بچاؤ |
| e) دفعہ 24 | v) مفت اور لازمی تعلیم |
| | vi) جائیداد کا حق |
| | vii) مذہب کا حق |

III. مندرجہ ذیل سوالات کے جواب ایک جملے میں لکھئے :  15 × 1 = 15

12. دستور کا مسودہ تیار کرنے والی کمیٹی ( Constitution Drafting Committee ) کے چیرمین کون تھے ؟

13. ایک ریاست میں سب سے اعلٰی عدالت کون سی ہوتی ہے ؟

14. سیٹی کارپروشن ( City Corporation ) کے ممبران کیا کہلاتے ہیں ؟

15. دستور یا آئین سے کیا مراد ہے ؟

16. برادرانہ جذبہ رکھنے والے لوگ ( Fraternity ) کی تعریف کیجئے۔

17. ''جمہوریت ایک عوام کی حکومت ہے، عوام کے ذریعہ ہے اور عوام کے لئے ہے۔'' کس نے کہا ؟

18. واحد شہریت ( Single-Citizenship ) سے کیا مراد ہے ؟

19. خودمختارقوم ( Sovereign Nation ) کیاہے ؟

20. کرناٹک میں تعلیم کے حق کا قانون کس سال نافذ ہوا ؟

21. شراب پر پابندی ریاستی رہنمائی پالیسی کے کس اصول کے تحت لگائی گئی ؟

22. لوک عدالت ( Lok Adalat ) کیاہے ؟

23. ریاستی رہنمائی اصول( Directive principles of State Policy ) کی لیبرل پرنسپل

( Liberal principles ) کی تعریف کیجئے۔

24. گرام سبھا کی صدارت کون کرتاہے ؟

25. ہمارے دستورکامیگنا کارٹہ ( Magna Carta ) کس کو کہاجاتاہے ؟

26. ''دستور کے بغیر ایک ریاست کوئی ریاست نہیں ہے بلکہ انتشار یا حکومت کا عدم وجود ہے۔'' یہ کس نے کہا ؟

**IV.** مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو تا چار جملوں میں لکھئے : **14 × 2 = 28**

27. صارفین کی عدالت ( Consumer Court ) کے استعمالات بیان کیجئے ؟

28. ہندوستانی سیاسی نظام کے چار فلسفی ستون ( Philosophical pillars ) کون سے ہیں ؟

29. برابری کے حقوق ( Right to Equality) کی تعریف کیجئے ؟

30. پارلیمانی حکومت ( Parliamentary form of government ) سے کیا مراد ہے ؟

31. ریاستی رہنمائی اصول ( Directive Principles of State Policy ) کے کوئی دو آسان اصولوں ( Liberal principles ) کو قلم بند کیجئے۔

32. گرام سبھا (Gram Sabha) کی اہم ذمہ داریاں کیا ہیں ؟

33. یونین پبلک سروس کمیشن ( UPSC ) کے تین اقسام کے نام بتائیے۔

34. شہری مقامی حکومت ( Urban Local Government ) کی کون کونسی قسمیں ہیں ؟

35. UPSC کے چیرمین اور ممبران کا تقرر کرنے کے طریقے بیان کیجئے۔

36. دیہی مقامی ممبران ( Rural local bodies ) کا نام بتائیے۔

37. آزاد عدالتی نظام ( Judiciary ) سے کیا مراد ہے ؟

38. ہمارے دستور کے تمہید ( Preamble ) میں کتنی طرح کے انصاف کے تذکرے ہیں ؟

39. استحصال کے خلاف ورزی کا حق کی کیا اہمیت ہے ؟

40. گرام پنچایت کی اسٹینڈنگ کمیٹی ( Standing Committee ) کے نام بتائیے۔

**V.** مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات پانچ تا چھ جملوں میں لکھئے : **6 × 3 = 18**

41. جب کبھی بنیادی حقوق ( Fundamental Rights ) کی خلاف ورزی ہوتی ہے تو ریاستی ہائی کورٹ ( State High Court ) کس طرح کے عدالتی حکم نامے جاری کرتے ہیں ؟

42. دیہی ترقی کیلئے گاؤں کی پنچایت ( Village Panchayats ) کونسے پروگرام کو جاری کرتے ہیں ؟

43. دستور ہند میں کونسے بنیادی حقوق ہمیں فراہم کئے گئے ہیں ؟

44. یونین پبلک سروس کمیشن ( UPSC ) کے کام کاج کیا ہیں ؟

45. ریاستی رہنمائی اصول میں گاندھی جی کے اصولوں کی فہرست بنائیے۔

46. دستور ہند کی اہم خصوصیات کی فہرست بنائیے۔

**VI.** درج ذیل سوال کا آٹھ تا دس جملوں میں جواب دیں : **1 × 4 = 4**

47. دستورِ ہند کی تمہید ( Preamble ) کی اہمیت بیان کیجئے۔

DO NOT WRITE ANYTHING HERE